نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی: سدرہ امین اور صدف شمس کی سنچریاں

- منیبہ علی، جویریہ خان، گل فیروزہ اور سدرہ امین کی نصف سنچریاں

راولپنڈی 18 جنوری 2024:

نیشنل ویمنز ٹی ٹوئنٹی ٹورنامنٹ میں جمعرات کے روز کھیلے گئے میچوں میں لاہور، کراچی اور راولپنڈی کی ٹیموں نے کامیابی حاصل کی۔
آج کے کھیل کی خاص بات سدرہ امین اور صدف شمس کی سنچریاں اور ڈبل سنچری اوپننگ پارٹنرشپ تھی۔

شعیب اختر کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں لاہور نے پشاور کو 147 رنز سے ہرایا۔
لاہور نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے بغیر کسی نقصان کے 233 رنز بنائے۔
صدف شمس اور سدرہ امین نے ڈبل سنچری پارٹنرشپ قائم کرتے ہوئے سنچریاں بھی اسکور کیں۔
سدرہ امین نے 12 چوکوں اور 6 چھکوں کی مدد سے 113 رنز بنائے اور آوٹ نہیں ہوئیں۔ صدف شمس نے بھی آوٹ ہوئے بغیر 106 رنز اسکور کیے جس میں 15 چوکے اور 2 چھکے شامل تھے۔
جواب میں پشاور کی ٹیم 4 وکٹوں کے نقصان پر 86 رنز بنا سکی۔ راحیمہ سید 28 رنز ناٹ آوٹ کے ساتھ ٹاپ اسکورر رہیں۔
صدف شمس اور سدرہ امین مشترکہ طور پر پلیئر آف دی میچ قرار پائیں۔

ایوب پارک گراؤنڈ راولپنڈی میں کراچی نے ملتان کو 7 وکٹوں سے شکست دیدی۔
ملتان کی ٹیم 91 رنز بنا کر آوٹ ہوگئی۔ علینہ مسعود 26 رنز بنا کر ٹاپ اسکورر رہیں۔ سیدہ عروب شاہ نے 16 رنز دے کر 3 وکٹیں حاصل کیں وہ اس کارکردگی پر پلیئر آف دی میچ بھی قرار پائیں۔

کراچی نے تین وکٹوں کے نقصان پر مطلوبہ اسکور پورا کر لیا۔

جویریہ خان نے چھ چوکوں اور ایک چھکے کی مدد سے 47 رنز بنائے۔

ملتان کی کپتان ام ہانی انگوٹھے میں فریکچر کی وجہ سے ٹورنامنٹ سے باہر ہو گئی ہیں۔

ڈائمنڈ کرکٹ گراؤنڈ اسلام آباد میں راولپنڈی نے کوئٹہ کو 8 وکٹوں سے ہرا دیا۔

کوئٹہ نے پہلے بیٹنگ کرتے ہوئے 5 وکٹوں پر 136 رنز بنائے۔ طوبیٰ حسن نے سات چوکوں اور تین چھکوں کی مدد سے 70 رنز بنائے اور ناٹ آؤٹ رہیں۔

راولپنڈی نے عالیہ ریاض اور نتالیہ پرویز کی نصف سنچریوں کی مدد سے مطلوبہ اسکور صرف دو وکٹوں کے نقصان پر پورا کر لیا۔ عالیہ ریاض نے سات چوکوں اور چار چھکوں کی مدد سے 63 رنز بنائے اور آؤٹ نہیں ہوئیں۔ نتالیہ پرویز نے 57 رنز ناٹ آؤٹ کی اننگز کھیلی جس میں سات چوکے اور ایک چھکا شامل تھا ان دونوں نے تیسری وکٹ کے لیے 124 رنز کا اضافہ کیا۔

عالیہ ریاض نے پلیئر آف دی میچ کا ایوارڈ حاصل کیا۔

-END-

Media contact:

Media and Communications Department
P: +92 (0) 42 111 227 777
E: pcb.media@pcb.com.pk

Commercial Partners

Broadcast & Live Streaming Partners

Pathway Cricket Programme

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium, Ferozepur Road Lahore, Pakistan, PO Box 54000
Tel: +92 42 35717231-4

pcb.com.pk /PakistanCricketBoard /TheRealPCB /TheRealPCB /PakistanCricketOfficial